۲۰۰۲ء، ص ۲۵۔۴۰

- قرآن اور اقبال، حامد سعید اختر، اقبالیات، ۴۳/۱، جنوری۔مارچ ۲۰۰۲ء، ص ۱۷۔۲۸
- قرآن اور اقبال کا تصور زماں، ظفر اقبال خاں، اقبالیات، ۴۳/۱ جنوری، مارچ ۲۰۰۳ء، ص ۲۹، ۵۶
- الالفاظ القرآنیه الدالة علی القرابات نسباً وصهراً ورضاعة ومااليها۔ محمد شفقت الله الدراسات الاسلامیه، ۳۷/۴، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۰۲ء، ص ۱۷۹۔۲۰۴
- لمحة فی تاویل قول الله عزوجل "وان منکم الاواردها" عبدالرشید ندوی، البعث الاسلامی ۴۸/۲، نومبر۔دسمبر ۲۰۰۲ء، ص ۳۷۔۴۷
- دراسة فی حول تفسیر الکشاف، محمد بلال حسین، صوت الامة، ۳۴/۱۰، اکتوبر ۲۰۰۲ء، ص ۳۵۔۳۹، ۳۴/۱۱، نومبر ۲۰۰۲ء، ص ۵۰۔۵۴

- A Reexamination of the Occurances of the Word *Hukm* in the Holy Quran to Mean Wisdom,Ammar Fadzil, *Hamdard Islamicus*, 25/4, October-December, 2002, pp 73-80.
- The Political Law of Islam (in the Light of theQuran),Javed AhmadGhamidi,/Eng. Tr., Shahzad Saleem, *Renaissance* (Special Issue), 12/12, December, 2002, pp 6-19.
- German Translations of the Holy Quran,Murad Wilfried Hofmann, *Islamic Studies*, 41/1, 2002, pp 87-96.
- An Analysis of judgement of the Prophet Mohammad Based on the Occurances of the Term *Hukm* in the Quran,Ammar bin Fadzil, *Islamic Quarterly*, 46/2, 2002, pp 139-160.
- Abrogation in the Quran,Tariq Hashmi,*Renaissance*, 12/7, July, 2002, pp 5-9.

خبرنامہ

ادارہ

علوم القرآن پر سافٹ ویر:

علوم اسلامیہ کی تعلیم وتدریس اور تحقیق وتدوین میں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کا استعمال بکثرت ہورہا ہے۔ مصر اور سعودی عرب کے سافٹ ویئر ماہرین اور محققین علوم اسلامیہ کی مشترکہ کوششوں سے علوم اسلامیہ کے مختلف علوم وفنون مثلاً قرآن وعلوم القرآن، حدیث، فقہ واصول فقہ، تاریخ اسلام، تہذیب وثقافت، عربی زبان وادب، سیرت طیبہ، تراجم، لغت اور دیگر کئی موضوعات پر بڑے مستند سافٹ ویئر تیار ہوچکے ہیں اور یہ سی۔ڈیز کے علاوہ انٹرنیٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ علوم القرآن پر تیار کیے گئے چند سافٹ ویئر کی تفصیلات پیش خدمت ہیں۔

(۱) تلاوت قرآن حکیم

قرآن حکیم کی تلاوت کے ضمن میں متعدد سافٹ ویئر تیار ہوئے ہیں۔ عالم اسلام کے نامور قراء حضرات کی دل نشیں آوازوں میں تلاوت قرآن مجید کی سی۔ڈیز ہر جگہ دستیاب ہیں۔ انٹرنیٹ کے ذریعے بھی تلاوت سنی جاسکتی ہے۔ مشہور قراء میں سے شیخ عبدالرحمٰن السدیس، سعود الشریم، شیخ محمود حصری، شیخ عبدالرحمٰن حذیفی، قاری عبدالباسط، قاری وحید ظفر قاسمی، قاری غلام رسول، قاری سید صداقت علی وغیرہ شامل ہیں۔

(۲) تجوید قرات

علوم تجوید وقرأت پر متعدد سافٹ ویئر تیار ہوئے ہیں اور سی۔ڈی اور انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں۔ مثلاً

(۱) المدخل إلی علم القرأت